競爭事務委員會
COMPETITION COMMISSION

香港黃竹坑黃竹坑道 8 號 South Island Place 19 樓
19/F, South Island Place, 8 Wong Chuk Hang Road,
Wong Chuk Hang, HONG KONG
T: +852 3462 2118 F: +852 2522 4997
Website: www.compcomm.hk

نسلی مساوات کے فروغ کے لیے موجودہ اور مجوزہ اقدامات

مسابقتی کمیشن

مسابقتی کمیشن (دی کمیشن) ایک آزاد قانونی ادارہ ہے جو مسابقت آرڈیننس (شق 619) (دی آرڈیننس) کے تحت قائم کیا گیا ہے۔ کمیشن کو ایک مسابقتی ماحول کو فروغ دینے کا کام سونپا گیا ہے جو تجارت ، کارکردگی اور جدت کے آزادانہ بہاؤ کے لیے موزوں ہے ، تاکہ صارفین کے لیے سامان اور خدمات کے لیے مزید انتخاب اور بہتر معیار اور قیمتیں لا سکیں۔ کمیشن ، نسلی پس منظر سے قطع نظر، تمام ممبروں تک اپنی خدمات تک یکساں رسائی کو یقینی بنانے کو بہت اہمیت دیتا ہے۔

(A) <u>عوام کی شکایات</u>

متعلقہ خدمات	عوام کے لیے شکایات درج کرنے کے لیے ذرائع فراہم کرنا تاکہ کمیشن، آرڈیننس کی ممکنہ خلاف ورزیوں کی نشاندہی کرسکے۔
موجودہ اقدامات	کوئی بھی شخص جو شکایت کرنا چاہتا ہے وہ فون / ڈاک / ای میل / آن لائن شکایت فارم / ذاتی طور پر (صرف ملاقات کے لیے وقت لے کر) کمیشن سے رابطہ کرسکتا ہے۔
	مندرجہ بالا ذرائع میں چائنیز اور/ یا انگریزی کا استعمال کیا جا سکتا ہے.
	جہاں ضروری اور مناسب ہوا وہاں زبان کی خدمات کا انتظام کیا جائے گا۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	کمیشن عوام کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً مذکورہ بالا اقدامات کا جائزہ لے گا۔

اضافی اقدامات لیے گئے /لیےجائیں گے	کمیشن "ترجمانی/ترجمہ کی خدمات کی ضرورت" اور خدمت صارفین کی "ترجیحی زبان" کے بارے میں معلومات اکٹھا کرے گا جنہیں ترجمانی/ترجمہ کی خدمات کی ضرورت ہے تاکہ نسلی مساوات پر ہماری پالیسیوں اور اقدامات کے اثرات کا اندازہ لگایا جا سکے، اور خدمات کی فراہمی میں مسلسل بہتری کو ممکن بنایا جا سکے۔

(B) <u>مسابقتی کمیشن کو فروغ دینا</u>

متعلقہ خدمات	مسابقت کی اہمیت اور کس طرح آرڈیننس، مسابقت کو فروغ دیتا ہے اس کے بارے میں عوامی تفہیم کو فروغ دینے کے لیے عوامی تعلیمی مہمات اور دیگر اقدامات انجام دینا۔
موجودہ اقدامات	تعلیمی مواد (جیسے ویڈیوز، کتابچے، بروشرز اور ہدایات) اور مہمات کی معلومات چائنیز اور انگریزی میں فراہم کی جاتی ہیں۔ آرڈیننس کے بارے میں سیمینارز اور بریفنگز کا اہتمام کینٹونیز اور انگریزی میں کیا جاتا ہے۔ جہاں ضروری اور مناسب ہوا وہاں بیک وقت ترجمانی کی خدمت کا انتظام کیا جائے گا۔ معلومات جیسے قانون سازی اور رہنمائی، مشاورت اور عوامی رجسٹرز، وغیرہ کمیشن کی ویب سائٹ پر چائنیز اور انگریزی میں دستیاب ہیں۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	کمیشن مندرجہ بالا اقدامات کا جائزہ لے گا اور ضرورت پڑنے پر ان میں اضافہ کرے گا۔

(C) <u>عملے کی تربیت</u>

متعلقہ خدمات	کمیشن کے عملے کے ممبران کو تربیت فراہم کرنا۔
موجودہ اقدامات	محکمہ برائے افرادی قوت کے عملے کے ارکان باقاعدگی سے نسلی امتیاز کے مسائل پر تربیت حاصل کرتے ہیں تاکہ کام پر نسل سے متعلق مسائل کے بارے میں ان کی تفہیم میں اضافہ ہو۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	کام کی جگہ پر نسلی مساوات کو فروغ دینے کے لیے کمیشن اپنی تربیتی پالیسی کا باقاعدگی سے جائزہ لے گا۔
اضافی اقدامات لیے گئے /لیےجائیں گے	کمیشن کام کی جگہ پر نسلی امتیاز کے مسائل کے بارے میں ان کی تفہیم کو تقویت دینے کے لیے کمیشن کے تمام عملے کے ارکان کو نسل سے متعلق مسائل پر تیار کردہ تربیت فراہم کرنے میں مدد کے

لیے کمیشن برائے یکساں مواقع یا دیگر غیر سرکاری تنظیموں سے رابطہ کرے گا۔

کمیشن عملے کے ارکان کی حوصلہ افزائی کرے گا اور ان کی نامزدگی کرے گا کہ وہ ثقافتی شعور اور تنوع کے مسائل پر باقاعدگی سے تربیت میں شرکت کریں تاکہ مختلف نسلی اور ثقافتی پس منظر سے تعلق رکھنے والے افراد کے بارے میں عملے کی سمجھ میں اضافہ ہو اور ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ہماری خدمات کو بہتر بنایا جاسکے۔ متعلقہ معلومات کو عملے کے حوالے کے لیے باقاعدگی سے انٹرانیٹ پر اپ لوڈ کیا جائے گا۔

معلومات کے لیے، براہ مہربانی مندرجہ ذیل ذرائع سے ایڈمنسٹریشن آفیسر، محترمہ انا یونگ سے رابطہ کریں –

ٹیلی فون:	3462 2118
فیکس:	2522 4997
ایمیل:	enquiry@compcomm.hk
ڈاک کا پتہ:	19/F, South Island Place, 8 Wong Chuk Hang Road, Wong Chuk Hang, Hong Kong

مسابقتی کمیشن (Competition Commission)

مئی 2023